
# لائف پارٹنر

## ساتھ زندگی بھر کا

MCB bancassurance



Jubilee
LIFE INSURANCE

زندگی میں کچھ چیزیں اس قدر اہم ہوتی ہیں کہ ان کے لئے باضابطہ منصوبہ سازی کی ضرورت ہوتی ہے۔ چاہے آپ کا شریکِ زندگی ہو یا کاروباری ساتھی، اپنے زیرِ کفالت افراد اور اپنے کاروبار کے لئے مالی تحفظ کی ضمانت دینا آپ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ لائف پارٹنر ایسا پلان ہے جو ایک ہی پلان کے تحت آپ کے دونوں پارٹنرز کو مالی تحفظ فراہم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس بات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کہ آپ ہمیشہ ان کی مدد کے لئے موجود نہیں رہیں گے، آپ کے پیاروں اور آپ کے کاروبار کے تحفظ میں ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ ہمیں موقعہ دیجیئے تاکہ رہے آپ کا "ہر پل محفوظ "۔

## اکاؤنٹ میں اضافہ (ACCOUNT VALUE BUILD-UP)

اس پلان کے لئے آپ کی ادا کردہ رقم کی سرمایہ کاری جوبلی لائف میثاق (بلاسود)، مینیجڈ، کیپٹل گروتھ یا یقین گروتھ فنڈ میں کی جاتی ہے۔ آپ مکمل طور پر کسی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کی سرمایہ کاری کے لائحہ عمل کے لئے موزوں ہو۔ منافع پالیسی ہولڈر کی نقد قدر کی حیثیت سے جمع ہوگا۔ فنڈز کی نگرانی جوبلی لائف کے ماہر انویسٹمنٹ مینیجرز کی پیشہ ور ٹیم کرتی ہے جو بدلتے ہوئے معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے مواقع مدِ نظر رکھتے ہوئے آپ کے لئے سرمایہ کاری کی ملی جلی ترتیب بناتے ہیں۔

## سرمایہ کاری کے انتخاب (Investment Options)

### الف۔ مینیجڈ فنڈ (Managed Fund)

یہ فنڈ حصص (شیئرز) کے وسیع انتخاب، سرکاری اور فکسڈ انکم سیکیوریٹیز اور دیگر کیش ڈپازٹس میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو بڑھاتا ہے۔

### ب۔ میثاق فنڈ (Meesaq Fund)

میثاق فنڈ آپ کے سرمائے کو بڑھانے کے لئے بلاسود سرمایہ کاری کی خدمات پیش کرتا ہے۔ میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بونڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچول فنڈز، اسلامک بینک کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کارآمد بلاسود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

### ج۔ یقین گروتھ فنڈ: (Yaqeen Groth Fund)

یقین گروتھ فنڈ کا مقصد اُن سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرنا ہے جو کہ مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے مناسب منافع حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

### د۔ کیپٹل گروتھ فنڈ: (Capital Groth Fund)

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈر کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پہ مبنی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ جس میں شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس سے لے کر بینک ڈپازٹس تک مختلف طریقوں سے سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے۔

## فوائد (BENEFITS)

### ۱۔ تحفظ کا فائدہ (Protection Benefit)

لائف پارٹنر آپ کے پارٹنر کو زندگی کے بیمے کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ صرف پہلے پارٹنر کی موت واقع ہونے کی صورت میں یہ فوائد حاصل ہوں گے اور اس کے بعد یہ پلان منسوخ ہو جائے گا۔ آپ کے پارٹنر کو بیمہ شدہ رقم یا جمع شدہ قدر نقد حاصل ہو گی (ان میں سے جو بھی زیادہ ہو)۔

### ۲۔ اضافی فوائد (Additional Benefits)

لائف پارٹنر، آپ کو اپنی ضرورت کے مطابق اضافہ فوائد پلان میں شامل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ آپ واجبی سا اضافی پریمیئم ادا کر کے مندرجہ ذیل اضافہ فوائد اپنے بنیادی پلان میں شامل کر سکتے ہیں:

**الف۔ حادثاتی موت (Accidental Death)**

آپ اور آپ کے پارٹنر کو اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لئے، اس خصوصیت کے تحت، حادثاتی موت کی صورت میں ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ اس خصوصیت سے ایک یا دونوں افراد کے لئے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

**ب۔ حادثاتی موت یا اعضاء کا کٹ جانا (Accidental Death or Dismemberment)**

حادثے کے نتیجے میں واقع ہونے والی موت یا اعضاء کٹ جانے کی صورت میں اس خصوصیت کے تحت اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ اس خصوصیت سے ایک یا دونوں افراد کے لئے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

**ج۔ پریمیئم کا خاتمہ (Waiver of Premium)**

اس خصوصیت کے تحت پریمیئم ادا کرنے والے پارٹنر کی معذوری یا بیماری کی صورت میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ جوبلی لائف، پریمیئم ادا کرنے والے پارٹنر کی طرف سے لائف پارٹنر پلان میں معمول کے مطابق پریمیئم کی ادائیگی کرے گا۔

**د۔ اسپتال کے اخراجات کے لئے نقد رقم (Hospitalization Cash Reimbursement)**

اس خصوصیت کے تحت آپ جتنے روز اسپتال میں قیام کریں گے، آپ جوبلی لائف سے یومیہ =/3,000 پاکستانی روپے تک نقد رقم حاصل کر سکتے ہیں۔ اس خصوصیت سے دونوں پارٹنرز استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس خصوصیت کے تحت شادی شدہ جوڑے اپنے بچوں کو بھی تحفظ دلوا سکتے ہیں۔

**نوٹ: اضافی فوائد کا انحصار شرائط وضوابط پر ہے۔**

### ۳۔ انتخاب کی آسانی (Flexibility of Choice)

جیسے جیسے زندگی کے حالات بدلتے ہیں، آپ کے تحفظ اور بچت کے طریقے بھی تبدیل ہو جاتے ہیں، اسی لئے لائف پارٹنر آپ کے لئے تحفظ اور بچت کے ملے جلے انتخاب کی سہولت پیش کرتا ہے، ایک ہی پریمیئم کی شرح میں آپ زندگی کے بیمے کا زیادہ احاطہ (تحفظ) اور کم بچت یا اس کے برعکس انتخاب، پلان کی ابتداء میں کر سکتے ہیں۔ آپ اپنی عمر اور اپنی ترجیحات کے ساتھ بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق اس میں ردوبدل کر سکتے ہیں۔

### ۴۔ افراطِ زر سے تحفظ (Inflation Protection)

افراط زر کے اثرات کو کم کرنے کے لئے آپ کے بیمے کی رقم اور آپ کی سرمایہ کاری میں آپ کے پریمیئم کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ، جوبلی لائف کی مقرر کردہ حد تک، بنا کسی طبی ثبوت کے ہر سال ازخود اضافہ ہوتا رہے گا۔ بلاشبہ آپ کو اختیار ہوگا کہ آپ اس اضافے کو رد کردیں اور انہی شرائط وضوابط کے تحت پلان کو جاری رکھیں جیسے کہ پہلے تھا، یا اپنی ضرورت کے مطابق اس میں نسبتاً کم اضافے کا انتخاب کریں۔

### ۵۔ اضافی مشتملات (منفرد خصوصیت)(Additional Top-Ups [Ad-hoc Feature])

آپ اپنی نقد رقم کی قدر بڑھانے اور اس سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ افزائش کے لئے اضافی سرمایہ کاری بھی کر سکتے ہیں۔ کم سے کم منفرد پریمیئم =/18,000 پاکستانی روپے ہے اور یونٹ اکاؤنٹ میں 100 فیصد ادا کیا جائے گا۔

### ٦۔ اپنی رقم تک رسائی (Access to your Savings)

لائف پارٹنر میں یہ سہولت موجود ہے کہ آپ کی رقم مکمل طور پر آپ کے اختیار میں رہے۔ مکمل 2 سال تک پریمیئم کی ادائیگی کرنے کے بعد آپ تمام رقم یا رقم کا کچھ حصہ نکلوا سکتے ہیں۔

**الف۔ جزوی رقم نکلوانے کی سہولت (Partial Withdrawal)**

آپ اپنا سرمایہ جزوی طور پر یونٹس کی محدود تعداد کیش کروا کے حاصل کر سکتے ہیں، یہاں تک کہ آپ کی رقم میں =/18,000 پاکستانی روپے کی رقم موجود رہ جائے۔

**ب۔ مکمل دستبرداری (Complete Surrender)**

دو سال کے بعد آپ اپنی رقم میں موجود تمام یونٹس مکمل بولی کی قیمت پر (بنا کسی جرمانے کے) کیش کروا سکتے ہیں۔

### ۷۔ مفت تجرباتی دورانیہ (Free-Look Period)

یہ پلان آپ کو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیۓ (Free-Look Period) کی سہولت پیش کرتا ہے، جس میں آپ جوبلی لائف (Jubilee Life) سے رابطہ کر کے اپنی پالیسی منسوخ کر سکتے ہیں اور اپنا پریمیئم واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ بہرحال قانون کے مطابق، درخواست داخل کرنے کے موقع پر کئے گئے آپ کے طبی تجزیوں کی مد میں ہونے والے اخراجات منہا کئے جائیں گے۔

## پالیسی کی موزونیت اور معیار (POLICY TERMS AND ELIGIBILITY)

| | | |
|---|---|---|
| داخلے کی کم سے کم عمر | : | 18 سال (سالگرہ سے قریب ترین عمر) |
| داخلے کی زیادہ سے زیادہ عمر | : | 65 سال (سالگرہ سے قریب ترین عمر) |
| پریمیئم ادا کرنے کی کم سے کم معیاد | : | 10 سال |

## ادائیگی کے طریقے (PAYMENT MODES)

| مدت | کم سے کم |
|---|---|
| سالانہ | 18,000 پاکستانی روپے |
| ششماہی | 9,000 پاکستانی روپے |
| سہ ماہی | 4,500 پاکستانی روپے |
| ماہانہ | 1,500 پاکستانی روپے |

## بیمے کی رقم اور تحفظ کے مرکبات (SUM ASSURED & PROTECTION MULTIPLES)

موت واقع ہونے کی صورت میں بیمے کی رقم لازماً ادا کی جائے گی۔ بیمے کی رقم کا تعین بنیادی سالانہ پریمیئم کو "پروٹیکشن ملٹیپل" سے ضرب دینے کے بعد کیا جائے گا۔ "پروٹیکشن ملٹیپل" کا انتخاب اپنی مرضی سے کیا جاسکتا ہے، جس کا انحصار بیمہ شدہ افراد کی عمروں پر ہے۔

## ابتدائی پریمیئم کی تقسیم (BASIC PREMUM ALLOCATION)

بنیادی پریمیئم مندرجہ ذیل جدول کے مطابق تقسیم ہوگا:

| فیصد تقسیم | پالیسی کا سال |
|---|---|
| 30 فیصد | 1 |
| 80 فیصد | 2 |
| 100 فیصد | 3 |
| 102 فیصد | 4 اور اس کے بعد |

## معاوضے (CHARGES)

ابتدائی سالوں میں تقسیم کو گھٹانے کے علاوہ پلان پر مندرجہ ذیل معاوضے لاگو ہوں گے:

| | | |
|---|---|---|
| بڈ / آفر اسپریڈ | : | 5 فیصد |
| متواتر معاوضہ | : | فنڈ ویلیو کا 1.5 فیصد سالانہ |
| انتظامی معاوضہ | : | 55 پاکستانی روپے ماہانہ (اس وقت قابل اطلاق ہے) |
| معاوضہ / صورتِ انتقال | : | رسک والی رقم پر موت کے وقت عمر کی بنیاد پر |

**منتقلی:۔**

آپ کو ہر سال چار مرتبہ سوئچنگ / ری ڈائریکشن کی سہولت بلا معاوضہ حاصل ہے۔ اگر آپ چار مرتبہ سے زائد سوئچنگ / ری ڈائریکشن کریں گے تو آپ کو ہر منتقلی پر -/500 روپے پاکستانی ادا کرنے ہوں گے۔

* کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

آج ہی ایم سی بی لائف پارٹنر کے لئے درخواست دیجئے اور اپنا "ہر پل محفوظ" کر لیجئے۔

مزید تفصیلات کے لئے براہ مہربانی کسی بھی منتخب کردہ ایم سی بی برانچ میں موجود ہمارے بینک انشورنس کے سیلز منیجر / آفیسر سے رابطہ کیجئے۔

## یادرکھنے والی باتیں:

- لائف پارٹنر یونٹ لنکڈ جوائنٹ لائف پلان ہے جو انویسٹمنٹ رسک سے مشروط ہے۔
- جوبلی لائف یا ایم سی بی بینک لمیٹڈ یونٹس کی ویلیو کی ضمانت نہیں دیتے ہیں۔
- یونٹس کی ویلیو بڑھ سکتی ہے، گھٹ سکتی ہے یا بدستور قائم رہ سکتی ہے۔ کسی بھی فنڈز کے سلسلے میں جوبلی لائف یا ایم سی بی بینک لمیٹڈ ضمانت نہیں لیتے ہیں۔
- کسی بھی فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرتی ہو۔
- پالیسی کے تحت تمام واجب الادا فوائد لاگو قوانین (مالیاتی یا دیگر) سے مشروط ہیں جو پاکستان میں وقتاً فوقتاً رائج ہوں۔
- جوبلی لائف مینجڈ فنڈ کے یونٹ پرائس کی اشاعت تمام سرکردہ روزناموں میں کی جاتی ہے۔
- براہ مہربانی اس پلان کی پالیسی کی دستاویز سے رجوع کیجئے۔
- جوبلی لائف کی پیش کردہ مصنوعات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آپ ہماری ویب سائٹ www.jubileelife.com ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

## نوٹ:

- ایم سی بی بینک لمیٹڈ لائف پارٹنر کے ضمن میں جوبلی لائف کے تقسیم کنندہ کا کردار ادا کر رہا ہے اور صارف کو اس کے / اس کی بینیفشری / بینیفشریز کو یا کسی تھرڈ پارٹی کو کسی بھی صورت میں، خواہ کچھ بھی ہو، جوابدہ نہیں ہے۔
- ایم سی بی لائف پارٹنر کی تمام درخواستوں پر کارروائی اور منظوری جوبلی لائف اپنے قوانین کے مطابق کرے گا۔ ایم سی بی بینک لمیٹڈ ان درخواستوں پر کاروائی یا ان کی منظوری کے سلسلے میں کسی بھی طرح ذمہ دار نہ ہوگا۔
- یہ کتابچہ صرف پالیسی کے تحت حاصل ہونے والے فوائد کی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔ معاہدے پر عملدرآمد کی وضاحت "شرائط وضوابط" میں درج ہے جو اس وقت فراہم کی جائیں گی جب صارف (صارفین) ان خدمات کو حاصل کریں گے۔

## جوبلی لائف سے رابطہ کرنے کے لئے:

Jubilee
LIFE INSURANCE

**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

74/1-A لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ،
فون: (021) 35611071-5, 35611802-8
فیکس: (021) 35610959
یواےاین: (JLI) 111-111-554
"JLI" 8282 پر SMS کیجئے
ای میل: info@jubileelife.com ویب سائٹ: www.jubileelife.com